عبدالقیوم حقانی

تعارف وتبصرۂ کتب

عثمان ذوالنورینؓ | تصنیف: مولانا سعید احمد اکبرآبادیؒ ــــ صفحات: ۳۲۲ ــــ قیمت -/۳۲ روپے
ناشر: مکتبہ رشیدیہ قاری منزل مرارا اسٹریٹ متصل پاکستان چوک کراچی

مولانا سعید احمد اکبرآبادیؒ کی علمی وتاریخی اور عظیم شخصیت علمی ودینی اور مطالعاتی اور تحقیقی ذوق رکھنے والے ارباب پر کسی طرح مخفی نہیں ۔ مرحوم کے گرانقدر وقیع اور تحقیقی مقالات، جامع اور تاریخی تصنیفات بجائے خود علم وتاریخ کی ضمانت ہیں۔ "حضرت صدیق اکبرؓ" موصوف کا عظیم علمی اور تاریخی شاہکار ہے اردو زبان میں جس کی مثال نہیں سلسلۂ خلافت راشدہ کی برگزیدہ شخصیتوں میں اردو زبان اور ادبی معیار کی دوسری کتاب مولانا شبلی نعمانی کی "الفاروق" "عثمان ذوالنورینؓ" اسی سلسلۂ زرین کے تسلسل کا نقشِ ثالث ہے جو مولانا سعید احمد اکبرآبادیؒ کے قلم سے ہے خدا کا شکر ہے کہ جرح وتعدیل، ریسرچ وتحقیق اور اردو ادب کے معیار کو ملحوظ رکھ کر داعیٔ کبیر مولانا ابوالحسن علی ندوی نے "المرتضیٰؓ" لکھ کر خلفاء راشدین کی تاریخ کی تکمیل کر دی ہے۔

بہرحال پیشِ نظر کتاب "عثمان ذوالنورینؓ" میں خلیفہ سوم حضرت عثمان ذوالنورینؓ کا نہایت مفصل اور مدلل تذکرہ، ذاتی حالات وسوانح، دینی وسیاسی اور اصلاحی کارنامے، خدماتِ جلیلہ کے علاوہ اس عہد کے فتنہ کے اسباب اور اس سلسلہ کے تمام واقعات اور حوادث پر نہایت جامع اور محققانہ گفتگو کر کے اعتدال اور مسلک حق کی توضیح و دلنشین انداز سے تشریح کر دی گئی ہے ــــ مکتبہ رشیدیہ کے جناب قاری تنویر احمد صاحب نے کتاب کو بڑے عمدہ کاغذ، بہترین کتابت اور معیاری طباعت کے ساتھ اسے بہت ہی معقول اور ارزاں قیمت پر امت کے سامنے پیش کر دیا ہے۔ خدا کرے کہ اہل علم اور عامۃ المسلمین واقعۃً بھی اس سے بھرپور استفادہ کر سکیں۔

موت کا جھٹکا | مرتبہ: سحبان الہند مولانا احمد سعید دہلویؒ ــــ صفحات ۷۶ ــــ قیمت -/۲۲ روپے
ناشر: مکتبہ رشیدیہ قاری منزل مرارا اسٹریٹ متصل پاکستان چوک، کراچی

سحبان الہند حضرت مولانا احمد سعید دہلویؒ اپنے معروف ترجمۂ کلامِ پاک "کشف الرحمٰن" اور حیاتِ مبارکہ میں وعظ و اور اصلاحِ امت کے درد اور خیر خواہیٔ امت کے پیشِ نظر علمی اور دینی حلقوں اور عامۃ المسلمین میں بیحد مقبول تھے مرحوم اصلاح انقلابِ امت، غلبۂ دین اور ترویجِ شریعت کے لیے ہر وقت بے چین رہتے تھے۔ اس جذبۂ نصح